REGISTERED WITH THE REGISTRAR OF NEWSPAPERS FOR INDIA AT NO.R.N 61/57

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم　　وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

REGD. NO. P/GDP.3

جلد ۲۹　　شمارہ ۳۲

ولقد نصرکم اللہ ببدر و انتم اذلۃ

ہفت روزہ بدر قادیان

ایڈیٹر:- خورشید احمد انور

نائبین:- جاوید اقبال اختر، محمد انعام غوری

شرح چندہ
سالانہ ۲۰ روپے
ششماہی ۱۰ ″
ممالک غیر بذریعہ بحری ڈاک ۴۵ ″
فی پرچہ ۴۰ پیسے

THE WEEKLY BADR QADIAN 143516

۲۲ر رمضان المبارک ۱۴۰۰ ہجری　　۷ر ظہور ۱۳۵۹ ہش　　۷ر اگست ۱۹۸۰ء

اخبارِ احمدیہ

قادیان ۴ر ظہور (اگست) — سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق الفضل مجریہ ۲۷ر وفا (جولائی) کے ذریعہ موصولہ اطلاع مظہر ہے کہ:- حضور کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ۔ محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب پرائیویٹ سیکرٹری کی جانب سے موصولہ تازہ ترین کیبل گرام کے مطابق حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مع اہل قافلہ ان دنوں کوپن ہیگن میں تشریف فرما ہیں احباب دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ کو ہر آن اپنے فرشتوں کی حفاظت میں رکھے اور بیرونی ممالک کے اس تبلیغی سفر میں حضور کو اپنی خاص تائیدات سے نوازے آمین — قادیان ۴ر ظہور (اگست) محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی مع محترمہ سیدہ بیگم صاحبہ و بچگان اور جملہ درویشان کرام بفضلہ تعالیٰ خیریت سے ہیں۔

★ ہفتہ زیر اشاعت میں درس القرآن کے خصوصی پروگرام کے سلسلہ میں مکرم مولوی عنایت اللہ صاحب خنداشی نے سورۃ الشعراء تا سورۃ عنکبوت اور مکرم مولوی سید صباح الدین صاحب نے سورۃ روم تا سورۃ یٰسٓ کا درس مکمل کیا اور اب مکرم مولوی منیر احمد صاحب خادم سورۃ الصّٰفّٰت تا سورۃ شوریٰ کا درس شروع کر رہے ہیں۔

زیورچ (سوئٹزرلینڈ) میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اہم دینی اور جماعتی مصروفیات

مقامی اخبارات اور ریڈیو میں پریس کانفرنس کی خبر کی وسیع پیمانے پر اشاعت

★ نمایاں شخصیتوں کو دیئے گئے ڈنر میں شمولیت ★ زیورچ کے احباب جماعت سے ملاقات ★ چار روزہ کامیاب دورہ فرمانے کے بعد بخیریت فرینکفورٹ واپسی ★ اور کوپن ہیگن کے لئے روانگی

قادیان ۴ر ظہور (اگست) — حضرت اقدس امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اپنے بابرکت سفر بیرونی ممالک کے دوران زیورچ (سوئٹزرلینڈ) میں اہم دینی اور جماعتی مصروفیات کے بارہ میں روزنامہ الفضل ربوہ کے ۲۱ تا ۲۶ وفا (جولائی) کے شماروں کے ذریعہ جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان کا خلاصہ قارئین بدر کی آگاہی کے لئے درج ذیل کیا جاتا ہے:-

مورخہ ۲۱ر وفا امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کے نام موصول ہونے والی کیبل گرام جو پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے سوئٹزرلینڈ کے دار الحکومت فرینکفورٹ سے بھیجی ہے اور یہاں کل ۱۹ر جولائی کو موصول ہوئی ہے میں بتایا گیا ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مع اہل قافلہ بذریعہ کار مورخہ ۱۲ر جولائی کی شام کو زیورچ پہنچے۔ مورخہ ۱۶ر جولائی کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے شہر کے ایک بہت بڑے ہوٹل "گرینڈ زیورچ ہوٹل" میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا اس پریس کانفرنس میں شہر کے ممتاز صحافی شریک ہوئے اور اگلے روز کے اخبارات میں اس کی نمایاں انداز میں خبر چھاپی گئی۔ زیورچ ریڈیو نے بھی اس پریس کانفرنس میں حضور کے ارشادات نشر کئے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ زیورچ میں جن اہم فرائض دینیہ میں مصروف رہے ان کی تفصیل بتاتے ہوئے کیبل گرام میں محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ ۱۳ر جولائی کی صبح کو حضور نے زیورچ اور اطراف کی جماعت کے ممبران سے ملاقات کی۔ اسی روز بعد دوپہر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ ایک خصوصی استقبالیہ تقریب میں مہمانِ خصوصی تھے جو کہ مقامی جماعت نے حضور کے اعزاز میں منعقد کیا تھا اس استقبالیہ میں مقامی احمدی احباب کے علاوہ البانیہ، سوئٹزرلینڈ اور ترکی کے احمدی احباب بھی شامل تھے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اس تقریب میں مہمانوں سے گھل مل کر باتیں کرتے رہے ۱۴ر جولائی کو حضور نے ایک ڈنر میں شرکت کی جس میں شہر کے چیدہ چیدہ اور نمایاں افراد شامل تھے۔ دیگر اہم لوگوں کے علاوہ خلیفاتی کے تو نصلر بھی ڈنر میں شامل تھے جنہوں نے حضور سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

۱۶ر جولائی کی شام کو حضور واپس فرینکفورٹ تشریف لے آئے ہیں۔

مورخہ ۲۳ر وفا جولائی کی اطلاع مظہر ہے کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ ۲۲ر جولائی ۱۹۸۰ء کو کوپن ہیگن روانہ ہو گئے۔ یہ اطلاع حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب نے بذریعہ کیبل گرام امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کو بھجوائی ہے۔ کیبل گرام میں درج ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

اس تار میں حضور کی مصروفیتوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ۱۸ر جولائی کو حضور نے نماز جمعہ فرینکفورٹ میں پڑھائی اور خطبہ ارشاد فرمایا ۱۹ر جولائی کو حضور ہمبرگ تشریف لے گئے۔ ۲۰ر جولائی کو حضور نے جماعت ہمبرگ اور اطراف کے ملحقہ علاقوں کے متعدد احمدی احباب کو شرفِ ملاقات بخشا اور قریباً ۲ گھنٹے تک ان سے متعدد اہم مسائل پر گفتگو فرماتے رہے۔

۲۱ر جولائی کو حضور نے ہمبرگ کے ہوٹل انٹر کانٹی نینٹل میں ایک انتہائی کامیاب

(باقی صفحہ ۹ پر)

جلسہ سالانہ قادیان

۱۸، ۱۹، ۲۰ر فتح (دسمبر) ۱۳۵۹ ہش / ۱۹۸۰ء کی تاریخوں میں منعقد ہوگا!

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ امسال جلسہ سالانہ قادیان انشاء اللہ تعالیٰ ۱۸، ۱۹، ۲۰ر فتح (دسمبر) ۱۳۵۹ ہش / ۱۹۸۰ء کی تاریخوں میں منعقد ہوگا احباب اس عظیم روحانی اجتماع میں شرکت کے لئے ابھی سے تیاری شروع فرمائیں جو احباب جلسہ سالانہ ربوہ میں شمولیت کی خواہش رکھتے ہوں وہ جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کے بعد جلسہ سالانہ ربوہ میں تشریف لے جا سکتے ہیں اور قادیان اور ربوہ کے روحانی اجتماعوں سے مستفید ہو سکتے ہیں اللہ تعالیٰ احباب کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں شمولیت کی توفیق دے۔

ملک صلاح الدین ایم اے پرنٹر و پبلشر نے فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر اخبار بدر قادیان سے شائع کیا۔ پروپرائٹر: صدر انجمن احمدیہ قادیان۔

ہفت روزہ بدر قادیان ❊ مورخہ ۷ ظہور ۱۳۵۹ ہش

ہماری عید — غلبۂ اسلام

"اسلام" — نام ہے اس مکمل ترین دین فطرت کا جس میں انسان کو اس کی زندگی کے ہر شعبہ میں ہمہ وقت خدائے قادر و توانا کی رضا اور خوشنودی کو مقدم رکھنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسی جہت سے خود یہ پیارا نام ہر آن ہمیں یہ احساس دلاتا رہتا ہے کہ کوئی بھی فرد اس وقت تک اللہ تعالیٰ کا حقیقی عبد اور اسلام کا سچا پیروکار کہلانے کا اہل نہیں بن سکتا جب تک کہ اس کی ہر حرکت و سکون اور نشست و برخواست میں ارشاد ربانی:-

اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

کی ایمان افروز عملی جھلک نمایاں طور سے نظر نہ آ رہی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اپنے متبعین پر ان کی روحانی و اخلاقی نشوونما کے لئے جس قسم کی بھی عبادات کی انجام دہی اور احکام کی بجا آوری کو لازمی قرار دیا ہے ان میں دیگر تمام پہلوؤں پر حصول رضائے الٰہی کے پہلو کو مقدم رکھا گیا ہے چنانچہ ایک مومن جہاں محض اپنے مولا کے حکم کی تعمیل اور اس کی رضا کے حصول کے لئے ماہ رمضان المبارک کے دوران مسلسل تیس روز تک عبادات و مجاہدات اور ریاضت و نفس کشی کے کٹھن آزمائشی مراحل طے کرتا ہے وہاں اکتیسویں روز یعنی ماہ شوال کی پہلی تاریخ کو اس کی عید کی پُرمسرت تقریب میں بھی ہمیں تسلیم و رضا اور کامل اطاعت و فرمانبرداری کی یہی مومنانہ شان جلوہ گر نظر آتی ہے۔

فی الحقیقت رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہر مسلمان کے لئے ایک روحانی و جسمانی ریاضت اور عملی مشق کا دور ہوتا ہے جس میں وہ اپنے نفس کی جائز ضروریات سے بھی مقررہ مدت تک کے لئے کلیتًا کنارہ کش ہو کر اور اپنے روزمرّہ کے معمولات میں ایک نمایاں تبدیلی پیدا کر کے بارگاہ رب العزت میں اپنی محبت و اطاعت عقیدت و فدائیت اور تسلیم و رضا کا والہانہ اور ایمان افروز مظاہرہ کر رہا ہوتا ہے جبکہ عید سعید کا دوگانہ اس کا اپنے مولا کے حضور میں اسی سعادت عظمیٰ کے حصول پر سجدات شکر بجا لانے کا رنگ لئے ہوئے ہوتا ہے کہ اس نے اپنے بندے کی تمام تر نفسانی کمزوریوں اور نفس امّارہ کی ہمہ اقسام وسوسہ اندازیوں کے باوجود محض اپنے فضل و کرم سے اسے رمضان المبارک کی مسلسل ایک ماہ کی عبادات بجا لا کر اس کے قرب و وصال اور رضا و خوشنودی کی راہیں تلاش کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ ظاہر ہے کہ شکر گذاری کے جذبات کا اظہار انسان اسی موقعہ پر کرتا ہے جب وہ ترقی و کامیابی کے کسی ایک زینہ کو طے کرنے کے بعد مزید اعلیٰ ترقیات اور کامیابیوں کے حصول کا آرزومند ہو۔ اس جہت سے رمضان المبارک کے روزوں کی اہمیت و افادیت اور عید سعید کی روحانی مسرتوں کو صرف ان مخصوص ایام اور بیش قیمت لمحات کے ساتھ مخصوص کرنا ان کی مقصدیت کے دائرہ کو محدود کر دینے کے مترادف ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ چند روزہ روحانی و جسمانی مجاہدہ اختیار کرنے کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی یہ لمحاتی خوشیاں ہر سال ہمیں یہ احساس دلاتی ہیں کہ ہم اپنی ان وقتی مسرتوں کو مستقل اور دائمی نوعیت دینے کی ہر ممکن کوشش کریں اور وہ یوں کہ ہم تمام دنیا میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، اس کے دین کی سربلندی اور اس کے پاک و برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کے قیام کے لئے اسی مناسبت سے بڑھ چڑھ کر قربانی و ایثار کا مظاہرہ کریں تا اسلام کے موعود دائمی اور عالمگیر غلبہ کی اصل اور حقیقی عید ہمیں دیکھنی نصیب ہو۔ یہی وہ حقیقی عید ہے جو ہمارے لئے دائمی خوشیوں کا پیش خیمہ بن سکتی ہے اور اسی حقیقی مسرت کے حصول کے لئے ہمارے آقا و مطاع سیدنا حضرت اقدس مسیح پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی دلی تمنا کا اظہار ان مبارک الفاظ میں فرمایا ہے ؎

صد بار رقص ہا کنم از خرّمی اگر ❊ بینم کہ حسن و نکتۂ فرقاں نہاں نماند

یعنی اگر مجھے یہ نظر آ جائے کہ قرآن پاک کا دلکش حسن روئے زمین پر عیاں ہو گیا ہے اور قرآنی حقائق و معارف کی برملا اشاعت ہو گئی تو میں خوشی اور مسرت سے اُچھلنے لگ جاؤں۔ گویا وہی وقت میری حقیقی عید کا وقت ہوگا۔

پس عید سعید کا یہ بلند اور عظیم ترین مقصد ہر مخلص احمدی سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ اپنے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ سنت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے بے شک اس موقعہ پر اپنی دلی مسرت کا اظہار کرے اور ضرور کرے مگر اس مومنانہ شان اور وقار کے ساتھ جو ناپسندیدہ رسوم اور رواج، بے جا نمود و نمائش اور غیر مناسب اسراف اور فضول خرچیوں کی آلودگی سے پاک ہو اس موقعہ پر غیر اقوام کی تقلید میں پُرتکلف دعوتوں، عید کارڈوں، چراغاں، آتش بازیوں اور دوسری لغویات پر بلا دریغ روپیہ خرچ کرنا بے شک عام مسلمانوں کی زندگی کا معمول بن چکا ہے مگر ایک احمدی جس کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد ہی دین متین کی اشاعت و سربلندی کے لئے اپنی بساط کے مطابق ہر ممکن قربانی و ایثار کا مظاہرہ کرنا ہے اسے یہ لغویات کسی طور سے بھی زیب نہیں دیتیں۔ پس ضروری ہے کہ ہماری عید جہاں بارگاہ رب العزت میں اپنے تشکر و امتنان کے جذبات کا اظہار لئے ہوئے ہو وہاں وہ ہمارے دلوں میں اسلام

(باقی صفحہ ... پر دیکھئے)

مبارک یا الٰہی عید ہو تقویٰ شعاروں کو

از محترم عبدالرحیم صاحب راٹھور دارالہجرت ربوہ

مبارک روزہ داروں، سید بطحیٰ کے پیاروں کو
مبارک یا الٰہی عید ہو تقویٰ شعاروں کو

خدا کی راہ میں جو مال و جاں قربان کرتے ہیں ❊ رضائے حق کی خاطر رہگذاروں میں اُترتے ہیں
بچا کر اپنا دامن خارزاروں سے گذرتے ہیں ❊ دبائے جتنا بھی جاوے زیادہ اتنا ہی ابھرتے ہیں
مبارک صد مبارک ان بہادر شہسواروں کو
مبارک یا الٰہی عید ہو پرہیزگاروں کو

جو لغویات سے بالفعل کوسوں دور رہتے ہیں ❊ جو تقویٰ کی حدوں میں ان سے محصور رہتے ہیں
جو دین حق کی خدمت میں سدا مسرور رہتے ہیں ❊ وہ جن کے دل خدا کی یاد سے معمور رہتے ہیں
مبارک محفل انجم کے ان روشن ستاروں کو
مبارک یا الٰہی عید ہو تقویٰ شعاروں کو

وہ جو ہر آن اپنی عاقبت کا فکر کرتے ہیں ❊ جو اُٹھتے بیٹھتے معبود حق کا ذکر کرتے ہیں
سراج حق کے پروانے، وہ فرزانوں کے فرزانے ❊ بہر حالت خدا کی نعمتوں کا شکر کرتے ہیں
مبارک ان شب تاریک کے اونچے مناروں کو
مبارک یا الٰہی عید ہو پرہیزگاروں کو

جو ہمسایوں کو اپنی چاہ سے امداد دیتے ہیں ❊ ضعیفوں ناتوانوں کی دعائیں خوب لیتے ہیں
ادب سے بات کرنے کا سلیقہ سیکھ لیتے ہیں ❊ وہ باہمت سدا منجدھار میں ناؤ کو کھیتے ہیں
مسرت جاوداں ملتی ہے ایسے ہونہاروں کو
مبارک یا الٰہی عید ہو تقویٰ شعاروں کو

وہ جو شاہ دو عالم کیلئے قربان ہوتے ہیں ❊ جو ناموس نبی مختار پر جان دیتے ہیں
کلام اللہ کا ہر حکم دل سے مان لیتے ہیں ❊ مقام حضرت ختم الرسل پہچان لیتے ہیں
مبارک ہو خلافت کے الٰہی اِلفا شعاروں کو
مبارک روزہ داروں، سید بطحیٰ کے پیاروں کو

خطبہ عید الفطر

ہماری سب سے بڑی عید اُسی وقت ہوگی جب اسلام دُنیا کے کناروں تک پھیل جائے گا

اور دُنیا کے چپہ چپہ پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی حکومت قائم ہو جائے گی!

اسلام کا درد اپنے دل میں پیدا کرو اور ہمیشہ خدا تعالیٰ کی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم رکھو،

از حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فرمودہ ۷ر جولائی ۱۹۴۸ء بمقام پارک ہاؤس کوئٹہ

سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

کہا جاتا ہے کہ انسان متضاد جذبات پیدا نہیں کر سکتا یا کہا جاتا ہے کہ متضاد کیفیتیں منافق کی علامت ہوتی ہیں لیکن

حقیقت یہ ہے

کہ متضاد جذبات ہر زمانہ میں اور ہر وقت منافقت کی علامت نہیں ہُوا کرتے بلکہ بعض دفعہ متضاد جذبات پیش کرنا اعلیٰ درجہ کے اخلاق کی علامت ہوتے ہیں۔ بلکہ حق یہ ہے کہ اگر متضاد جذبات پیش نہ کئے جائیں تو یہ انسان کی کمزوری سمجھی جاتی ہے، رسول کریم صلے اللہ وسلم کے زمانہ میں ایک دفعہ ایک صحابی کو جہاد پر بھجوایا گیا۔ ان کا بچہ سخت بیمار تھا وہ اُسے بیمار چھوڑ کر بغیر کوئی عذر کئے جہاد پر چلے گئے جب وہ واپس آئے تو ان کی بیوی نہا دھو کر ان کے استقبال کے لئے خوشی خوشی بیٹھ گئی۔ اُنہوں نے گھر آتے ہی پوچھا کہ بچے کا کیا حال ہے۔ بیوی نے جواب دیا کہ بچے کو اب بالکل سکون ہے۔ پھر اس نے آپ کو کھانا کھلایا اور اِدھر اُدھر کی باتیں کرتی رہی۔ رات کو جب بستر پر لیٹے بیوی نے کہا اگر کوئی شخص

کسی کے پاس امانت

رکھ جائے اور کچھ عرصہ کے بعد وہ اپنی امانت واپس لینے کے لئے آئے تو کیا اس کی امانت واپس کر دینی چاہیئے یا نہیں؟ اُنہوں نے کہا یہ کونسا مسئلہ ہے اگر کسی کی امانت ہے تو اسے ضرور واپس کر دینی چاہیئے۔ بیوی نے کہا ہمارے پاس بھی بچہ کی شکل میں اللہ تعالیٰ کی ایک امانت تھی جو اس نے واپس لے لی ہے۔ اور وہ فوت ہو چکا ہے اب دیکھو یہ اس عورت کے ایمان کی کیفیت تھی کہ اس نے اپنے غم کو دبا لیا اور اُسے ظاہر نہ ہونے دیا۔ وہ اپنے دل پر جبر کر کے نہا دھو کر بیٹھ گئی۔ اور اپنے خاوند کو اس نے تسلی دی۔ کھانا کھلایا۔ اور یہ نہ بتایا کہ بچہ مر گیا ہے تاکہ اُسے زیادہ صدمہ نہ پہونچے اور وہ اُس کے نتیجہ میں کوئی ایسی بات نہ کہہ دے جس سے اس کا ثواب کم ہو جائے یہ جذبہ بظاہر متضاد تھا۔ لیکن حقیقتاً یہی جذبہ اُس وقت اُس کے

ایمان کی حقیقی تصویر

تھا اگر وہ اپنے اندرونی جذبات کو ظاہر کرتی۔ روتی اور واویلا کرتی تو وہ متضاد جذبات کا اظہار نہ کرتی۔ اس کا ظاہر اور باطن ایک ہوتا اور پھر اس کا یہ فعل ایمان کی کمزوری کی بھی علامت ہوتا اور قومی اخلاق اور قربانیوں کے بھی خلاف ہوتا۔ پس بعض متضاد حقیقتیں بھی ایسی ہوتی ہیں جو حقیقت حال پر مشتمل ہوتی ہیں۔ ایک قسم کے جذبات کا اظہار ہر جگہ پسندیدہ نہیں ہوتا۔ مثلاً ایک شخص دوسرے سے ناراض ہے۔ وہ اس کے پاس آتا ہے تو وہ بشاشت کے ساتھ اُس سے پیش آتا ہے اور اپنی ناراضگی کا اظہار نہیں کرتا اور گو اس کے دل میں ابھی رنج ہوتا ہے مگر اس کے دبانے میں وہ ایک حد تک کامیاب ہو جاتا ہے۔ لیکن ایک دوسرا شخص ہوتا ہے جو غصہ بھی نکالتا ہے اور بات بھی کر لیتا ہے اب بظاہر یہ کہا جائے گا۔ کہ دوسرا شخص دل کا زیادہ صاف ہے اور جو کچھ اس کے اندر ہوتا ہے وہ ظاہر کر دیتا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ غصہ کو دبا لینا اور اس میں کامیاب ہو جانا گو بظاہر اندرونی جذبات کے خلاف فعل ہے۔ مگر وہی شخص

سچا اور حقیقی مومن

کہلائے گا۔ اسی طرح ہر انسان کے لئے عید بھی عید نہیں ہُوا کرتی۔ ہزاروں مسلمان ایسے ہوں گے جن کے گھروں میں آج ماتم ہو گیا ہوگا۔ آخر چالیس کروڑ مسلمان ایسے ہیں۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ کسی ایک گھر میں بھی آج موت نہ ہوئی ہو۔ ایسی حالت میں بعض تو اپنے غم کی وجہ سے عید میں کوئی حصہ ہی نہیں لے رہے ہوں گے۔ اور بعض ایسے ہوں گے جو میت کو خُدا کے حوالے کر کے عید کی نماز کے لئے چلے گئے ہوں گے۔ اب بظاہر وہ جو نماز کے لئے چلے گئے۔ اُنہوں نے منافقت کا اظہار کیا۔ ان کا ظاہر اور تھا اور باطن اور تھا اور جو گھر میں بیٹھے رہے۔ وہ صاف دل اور کھرے تھے۔ لیکن درحقیقت جو لوگ اپنے مردے کو خدا کے حوالہ کر کے عید کے لئے چلے گئے وہی سچے مومن ہیں۔ کیونکہ اُنہوں نے خُدا کی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم کر لیا۔

یہ تو ایک فردی مصیبت کی مثال ہے۔ لیکن اس کے مقابلہ میں آج لاکھوں مسلمان ایسے ہیں جو دیکھ رہے ہیں کہ

اسلام کا نام اب صرف زبانوں پر

رہ گیا ہے۔ اور کُفر دنیا پر غالب ہے۔ مگر اس کے باوجود ان کے دل میں کوئی درد پیدا نہیں ہوتا۔ ان کے دل میں کوئی دُکھ پیدا نہیں ہوتا وہ عید کی خوشیاں مناتے ہیں کپڑے بدلتے ہیں اور عطر لگاتے ہیں۔ صبح کے وقت وہ ملکی رواج کے مطابق سویّوں کا ناشتہ بھی کر لیتے ہیں۔ حالانکہ اس وقت اسلام ایسی نازک حالت میں سے گذر رہا ہے۔ جسے دیکھ کر کوئی سچا مسلمان ایک گہرا صدمہ محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اگر مسلمان ایک خون ٹپکاتے ہوئے دل کے ساتھ عید کی نماز کے لئے جاتے۔ اگر وہ ایک ٹکڑے ٹکڑے جگر کے ساتھ عید کی نماز پڑھتے۔ تو گو ان کے جذبات متضاد ہوتے۔ مگر حقیقی عید انہی کی ہوتی۔ پس جس نے عید کی نماز پڑھی۔ مگر اس کے دل میں اسلام کا درد پیدا نہیں ہُوا۔ اس کی اندرونی بینائی مردہ ہے اور جس نے عید نہیں منائی اس کی بھی اندرونی بینائی مردہ ہے۔

حقیقی عید اسی کی ہے

جو متضاد جذبات کے ساتھ عید مناتا ہے اس کا دل ماتم کرتا ہے۔ اور اس کا ظاہر عید مناتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دُنیا کے تمام زندہ افراد جن میں قومی جذبہ پایا جاتا ہے ایسے ہی مظاہرے کیا کرتے ہیں۔ جرمنی کی ایک عورت تھی۔ اس کے سات بیٹے تھے جو سارے کے سارے جنگ میں مارے گئے۔ ہمارے ملک میں اگر کسی کے ساتھ ایسا واقعہ ہو تو کسی دوسرے کو احساس بھی نہ ہو۔ مگر زندہ قومیں ان باتوں کو نوٹ کرتی رہتی ہیں۔ کہ کس نے کتنی قربانی کی ہے۔ جب وزیر دفاع کو اس کی خبر ملی تو اس نے چاہا کہ وہ اس کو بُلا کر بادشاہ اور ملک کی طرف سے اس سے ہمدردی کا اظہار کرے۔ چنانچہ وزیر دفاع نے اُسے خود چھٹی لکھی۔ جب وہ بڑھیا آئی تو وزیر دفاع نے اسے کہا کہ میں

بادشاہ اور ملک کی طرف سے آپ سے ہمدردی کا اظہار

کرتا ہوں۔ کیونکہ آپ کے تمام بیٹے جنگ میں کام آگئے ہیں۔ ایک انگریزی اخبار کا نمائندہ بھی اس موقعہ پر موجود تھا۔ میں نے اس کی رپورٹ جو بعد میں شائع ہوئی پڑھی ہے۔ اس نے لکھا کہ جب وہ بڑھیا باہر نکلی تو باوجود اس کے کہ اس کی پیٹھ کبڑی ہو چکی تھی وہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے پیچھے رکھ کر اپنی کمر کو دبا کر سیدھا کرتی اور ایک بناوٹی قہقہہ لگا کر کہتی کیا ہوا اگر میرا آخری بیٹا مارا گیا ہے۔ آخر وہ ملک کی خدمت کرتے ہوئے ہی مارا گیا ہے۔ تو دیکھو اس عورت کے اندر قومی خدمت کا کس قدر احساس تھا وہ دنیا کو بتا دینا چاہتی تھی کہ میرے بیٹوں کے مر جانے نے میری کمر کو خم نہیں کر دیا بلکہ اور بھی سیدھا کر دیا ہے۔ کیونکہ انہوں نے ملک کی خاطر جان دی ہے۔ اب یہ تو نہیں تھا کہ اس کا دل اپنے بیٹوں کی وفات پر غمگین نہ تھا لیکن وہ دنیا کے سامنے یہ ظاہر کرنا چاہتی تھی کہ میں اس تقدیر پر خوش ہوں جو میرے بیٹے ترجم لائی۔ مگر میری قوم کے لئے اس نے

عزت کے سامان

پیدا کر دیئے۔ اسی طرح محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لڑکے حضرت ابراہیم جب فوت ہوئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے دفنانے کے لیے تشریف لے گئے۔ جب آپ دفن کر چکے تو آپ نے فرمایا جا اپنے بھائی عثمان بن مظعون کے پاس اور اس وقت آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے لیکن جب وہ وقت گذر گیا تو پھر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پہلے جیسے جوش اور تندہی کے ساتھ خدمتِ دین میں مصروف ہو گئے۔ غرض

حقیقی مومن کی یہی شان ہوتی ہے

کہ وہ قومی اور مذہبی غم کو اپنے ذاتی غموں پر ترجیح دیتا ہے۔ اور اس کے عزم اور استقلال میں کوئی فرق نہیں آتا۔ بلکہ مصیبت اس کے عزم کو اور بھی بڑھا دیتی ہے۔ اور اس کے استقلال کو اور بھی زیادہ کر دیتی ہے۔ اس لئے نہیں کہ وہ تسلی پا گیا ہے۔ بلکہ اس لئے کہ اگر کوئی شخص دونوں، جذبات کو محسوس کرتا ہے تو وہ حقیقی مومن ہے بلکہ میں تو کہتا ہوں وہ حقیقی انسان ہے۔ کیونکہ انسان کا کمال بھی اسی وقت ظاہر ہوتا ہے۔ جب وہ دل سے دکھ محسوس کرے۔ اور اپنے ظاہر کو خدا کے تابع کرے ۔

اس وقت دنیا میں ہزاروں قصبات اور شہر ایسے ہیں جن میں مسلمانوں کی بنائی ہوئی مسجدیں، ویران پڑی ہیں۔ اور ان میں خدا تعالےٰ کے آگے سجدہ کرنے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ بنانے والوں نے تو انہیں اس لئے بنایا تھا کہ ان میں خدا تعالےٰ کا ذکر کیا جائے۔ لیکن اب وہ

ویران اور غیر آباد

پڑی ہیں۔ اب جب تک یہ تمام مسجدیں پھر اسلام کی عظمت کا ایک زندہ نشان نہ بن جائیں جب تک قرآن کی حکومت پھر دنیا میں قائم نہ ہو جائے اس وقت تک اگر کوئی شخص صرف ظاہری عید پر ہی خوش ہو جاتا ہے اور نئے کپڑے پہن کر سمجھ لیتا ہے۔ کہ اس نے عید منائی ہے۔ تو وہ بے غیرت ہے۔ اسی طرح وہ انسان جو ہمت ہار کر بیٹھ جاتا ہے وہ بھی نہایت ذلیل اور بزدل انسان ہے۔ بے شک ہمارے خدا نے ہمیں ظاہری طور پر خوشی منانے کا حکم دیا ہے اور اس لئے ہم خوشی مناتے ہیں۔ لیکن ہمیں حقیقی خوشی اسی وقت حاصل ہوگی۔ جب دنیا میں ہر جگہ اسلام پھیل جائے گا۔ جب مساجد ذکر الٰہی کرنے والوں سے بھر جائیں گی اور جب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی حکومت دنیا کے چپہ چپہ پر قائم ہو جائے گی۔

پس ہماری جماعت کے ہر فرد کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اسلام اور مسلمانوں کی موجودہ حالت کو دیکھتے ہوئے ہمارے اندرونی زخم کبھی مندمل نہیں ہونے چاہئیں۔ بلکہ اگر ہمارے زخم کبھی مندمل ہونے لگیں۔ تو چاہیئے کہ ہم انگلیوں سے ان زخموں کو پھر ہرا کر لیں۔ کیونکہ

ہماری سب سے بڑی عید

اسی وقت ہوگی۔ جب اسلام دنیا کے کناروں تک پھیل جائے گا اور دنیا کے کونہ کونہ سے اللہ اکبر کی آوازیں اٹھنا شروع ہو جائیں گی۔ ★★

(بدر ۲۳ مارچ ۱۹۶۱ء)

محترمہ صاحبزادی سیدہ امۃ السلام صاحبہ کی اندوہناک وفات پر

جماعت احمدیہ جکارتہ (انڈونیشیا) کی جانب سے

حضرت اقدس امیر المؤمنین ایدہ اللہ کی خدمت میں اظہار تعزیت

جکارتہ - ۲۸ جون ۱۹۸۰ء حوالہ نمبر ۸۰/ NP/ ۴۹

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ربوہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

محترمہ صاحبزادی سیدہ امۃ السلام صاحبہ کی اندوہناک وفات کی اطلاع سے ہم تمام افراد جماعت احمدیہ جکارتہ کو شدید صدمہ پہنچا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پہلی پوتی ہونے کا شرف حاصل تھا اور آپ کی ولادت حضور علیہ السلام کی مبارک زندگی میں ہوئی تھی، حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے اسی اعزاز کا ذکر اپنے ایک شعر میں یوں فرمایا ہے

سلام اللہ کی پہلی عنایت
مسیحائے زماں جسے تھی برکت

ہم تمام افراد جماعت احمدیہ انڈونیشیا حضور پرنور اور جملہ پسماندگان کی خدمت میں دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

(۱) — اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے آمین — افراد جماعت احمدیہ جکارتہ نے جمعہ کی نماز کے بعد مرحومہ کی نماز جنازہ غائب ادا کی اور ہم انڈونیشیا کی دوسری جماعتوں کو بھی اس المناک سانحہ کی اطلاع دے رہے ہیں۔

(۲) اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو جلد شفایاب کرے، صحت و سلامتی والی درازیٔ عمر سے نوازے اور جماعت کو حضور پرنور کی مبارک قیادت میں عظیم الشان ترقیات عطا فرمائے آمین۔ ہماری یہ بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور پرنور کو ہمارے ملک میں بھی جلد لائے آمین اللھم آمین۔

ہم ہیں حضور کے خدام
اراکین جماعت احمدیہ جکارتہ (انڈونیشیا)

ولادتیں

① — برادرم مکرم ڈاکٹر سید احمد حسن صاحب حال مقیم عراق کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے ۸۰/۷ کو ایک بچی کے بعد پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام "احمد" تجویز کیا گیا ہے۔ عزیز نومولود مکرم مرزا محمد اطہر بیگ صاحب ساکن کشن گنج راجستھان کا نواسہ اور مکرم سید زین العابدین صاحب مرحوم مدراس کا پوتا ہے۔ نومولود کی نانی محترمہ تسنیم بیگم صاحبہ نے اس خوشی میں بطور شکرانہ مبلغ پچیس روپے مختلف مدات میں ارسال کئے ہیں۔ جزاہا اللہ خیراً۔ احباب دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ عزیز نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور نہایت اقبال مند کرے، صحت و سلامتی والی درازی عمر سے نوازے اور زچہ کو اپنے فضل سے مکمل صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ آمین

خاکسار: خورشید احمد انور مدیر "بدر" قادیان

② — میرے بڑے بھائی مکرم محمد یوسف بٹ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ ۸۰/۷/۲۹ کو تیسرا لڑکا عطا کیا ہے۔ محترم حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے ازراہ شفقت بچے کا نام "محمد داؤد" تجویز فرمایا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ زچہ بچہ کو صحت و سلامتی سے رکھے اور نومولود کو نیک، صالح اور خادم دین بنائے۔

خاکسار: مبارک احمد بٹ کارکن تعلیم الاسلام ہائی اسکول قادیان

③ — خاکسار کے لڑکے عزیزم محمد یونس کے ہاں پہلی بچی تولد ہوئی ہے۔ بزرگان سلسلہ اور درویشان کرام اور احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ مولا کریم نومولودہ کو نیک، صالحہ و خادمہ دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے آمین۔ اس موقعہ پر مبلغ ۱۵ روپے درویش فنڈ میں ۵ روپے اعانت بدر میں جمع کیے گئے ہیں۔

خاکسار شیخ عبدالحمید صدر جماعت احمدیہ چک امرچھ کشمیر

بدر کی اعانت کے ذریعہ اپنی مرکزی آواز کو مؤثر بنایئے

حضرت سرورِ کائنات کے جسمِ مبارک کی امتیازی شان

بعض ایمان افروز اور روح پرور واقعات

مکرم مولوی محمد صدیق صاحب امرتسری ایم اے سابق مبلغ مغربی افریقہ و جزائر فیجی

خوشبو اور عطر وغیرہ استعمال کرنا حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتِ مؤکدہ میں سے ہے اور حضور نے مسجد اور دیگر مجالس میں شرکت کرتے وقت خوشبو استعمال کرنے کا خصوصی ارشاد فرمایا ہے اس سلسلہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے مطالعہ سے ایک نہایت عجیب بات یہ معلوم ہوتی ہے جو معجزانہ رنگ رکھتی ہے کہ حضور کی صورت و سیرت اور روح و جسم ہر دم نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی بے مثال خوشبو سے معطر رہتے تھے اور قدرت نے اپنی طرف سے حضور کے جسمِ مبارک اور اس کے ہر عضو میں ازل سے ایسی خصوصیت اور ایسی خاصیت ودیعت فرما رکھی تھی کہ حضور کے جسمِ اطہر سے ہر دم عطرِ سدا بہار کی خوشبو آتی رہتی تھی تاہم اس کے باوجود بھی اپنے متبعین اور اہلِ اُمت کی رہنمائی اور ان کے لئے عملی نمونہ قائم کرنے کی خاطر عطر اور خوشبو استعمال فرمانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا روز کا معمول تھا چنانچہ جس مجلس میں بھی حضور جلوہ افروز ہوتے تھے حاضرین کے دماغ حضور کی خوشبو سے معطر ہو جاتے تھے اور جس راہ سے آپؐ کا گذر ہوتا تھا وہ گلی کوچے مہک جاتے تھے بے شمار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پسینہ مبارک عطریات کا خزینہ تھا حتیٰ کہ مدینہ منورہ کی خواتین حضرات امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی خدمت میں حاضر ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ اطہر کے قطرات حاصل کرنے کی درخواست کیا کرتی تھیں اس سلسلہ میں بخاری مسلم اور ترمذی اور مسند ابو نعیم کی مندرجہ ذیل احادیث قارئین کے ازدیادِ ایمان کے لئے پیش کی جاتی ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی گواہی

خادمِ رسولؐ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عنبر و مشک اور کسی دوسری خوشبو کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ سے زیادہ خوشبودار نہیں پایا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی ایک اور روایت ہے کہ:-

"میں نے کبھی کوئی عطر ایسا نہیں سونگھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ مبارک سے زیادہ خوشبودار ہو" (ترمذی)

"اُمِّ سلیمؓ! یہ کیا کر رہی ہو؟"

اسی طرح ایک اور روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی دوپہر کو ہمارے غریب خانہ پر تشریف لا کر آرام فرمایا کرتے تھے جب آپؐ سو جاتے تو آپؐ کو پسینہ آجاتا تھا تو حضورؐ کے مبارک پسینہ کے قطرات نچڑتے تو میری والدہ شیشی میں جمع کر لیا کرتی تھیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انہیں ایک مرتبہ ایسا کرتے دیکھا تو فرمایا:-

"اُمِّ سلیم یہ کیا کر رہی ہو؟"

اس پر میری والدہ محترمہ نے عرض کیا

"یہ حضور کا پسینہ ہے جو میں شیشی میں جمع کر رہی ہوں، ہم اسے اپنے جسموں پر لگائیں گے یہ سب عطریات سے زیادہ خوشبودار ہے اور اس کی خوشبو دیرپا ہے"

(بخاری و مسلم)

شادی پر حضورؐ سے خوشبو کی درخواست

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا:-

"یا رسول اللہ! میری بیٹی کا نکاح ہے اور میرے پاس خوشبو نہیں ہے آپؐ کچھ خوشبو عنایت فرمائیے"

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

"کل تم ایک کشادہ منہ کی شیشی لے کر آنا"

دوسرے روز وہ شخص شیشی لے کر حاضر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں بازوؤں کا پسینہ اس شیشی میں ڈالنا شروع کیا یہاں تک کہ وہ شیشی بھر گئی پھر حضور نے ارشاد فرمایا:-

"اسے لے جاؤ اور بیٹی سے کہو وہ کہ اس میں سے لگا لیا کرے"

چنانچہ وہ خوش نصیب لڑکی جب حضورؐ کے پسینہ مبارک کو استعمال کرتی تھی تو مدینہ منورہ کی وہ آبادی خوشبو سے مہک اُٹھتی تھی یہاں تک کہ اس لڑکی کے گھر کا نام بھی "بیت الطیبین" یعنی خوشبوؤں کا گھر مشہور ہو گیا۔ (بخاری و مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے کسی گلی کوچہ سے گزرتے تھے تو گزر جانے کے بعد بھی اس گلی سے آنے جانے والوں کو خوشبو آتی رہتی تھی اور وہ سمجھ جاتے تھے کہ یقیناً اس راہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر ہوا ہے۔

مشک سے زیادہ خوشبودار

حضرت سیدہ اُم المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:-

"سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو جب پسینہ آتا تھا تو پسینہ کے قطرے چہرۂ انور سے موتیوں کی طرح گرتے تھے جو مشک سے زیادہ خوشبودار ہوتے تھے"

(مسند ابو نعیم)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:-

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر مسجد سے باہر تشریف لائے تو حضور کے دستہائے منور و معطر کو صحابہ کرامؓ اپنے چہروں پر ملنے لگے تو میں نے بھی اسی موقع کو غنیمت سمجھا اور آپ کا دستِ مبارک اپنے چہرہ پر رکھا تو وہ برف کی طرح ٹھنڈا اور مشک سے کہیں زیادہ خوشبودار تھا"

(بخاری)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:-

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار میرے چہرے پر اپنا دستِ مبارک پھیرا تو میں نے آپ کے دستِ مبارک کی خنکی اور خوشبو ایسی پائی کہ گویا آپؐ نے اپنا دستِ مبارک ابھی ابھی عطر فروش کے صندوقچہ سے نکالا ہے۔"

(مسلم)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:-

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی میں مصافحہ کرتا تھا اور میرا ہاتھ آپ کے دستِ مبارک کے ساتھ مس ہوتا تھا تو میں اس کا اثر بعد کو بھی پاتا تھا - اور میرے ہاتھوں میں سے مشک سے بھی زیادہ تیز خوشبو آتی تھی"

(بیہقی)

ایک دلچسپ واقعہ

حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ عنہ کے متعلق آتا ہے کہ ان کی چار بیویاں تھیں اور ان سب کو خوشبو بہت زیادہ مرغوب تھی۔ حضرت عتبہؓ جب بھی کسی جگہ تشریف لے جاتے تو ہر بیوی آپؐ سے بہترین عطر کی فرمائش کرتی اور وہ اعلیٰ سے اعلیٰ قسم کا عطر اپنی بیویوں کے لئے خرید کر لاتے تھے تاہم جب چاروں بیویاں یکجا جمع ہوتی تھیں تو گو اپنے اپنے عطریات کی تعریف وہ ایک دوسری سے کرتی تھیں لیکن اپنے اپنے عطر کے سلسلہ میں حضرت عتبہ کی ہر بیوی کی تعریف ان الفاظ پر ختم ہو جاتی تھی کہ:-

"یہ بجا اور درست ہے کہ بہترین قسم کا عطر ہمیں فراہم کیا گیا ہے اور مدینہ میں کم گھرانوں میں ہمارے یہاں جیسا عطر ہوگا مگر پھر بھی حقیقت یہ ہے کہ خود ہمارے ہی گھر میں جو عطر ہمارے شوہر (حضرت عتبہؓ) استعمال کرتے ہیں ہمارے سب اعلیٰ قسم کے عطر بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے"

بیویوں کی متفقہ شکایت

چنانچہ ایک روز جب حضرت عتبہؓ کے گھر میں اس قسم کی باتیں ہوئیں تو ان کی چاروں بیویوں نے فیصلہ کیا کہ آج ہم اپنے شوہر سے یہ شکایت ضرور کریں گی کہ:-

"آپؓ جو عطر خود استعمال کرتے

آپ وہی عطر ہمیں لاکر کیوں نہیں دیتے؟

چنانچہ اسی روز شام کو چاروں بیویوں نے ان سے یہ شکایت کی کہ جس کے جواب میں حضرت عتبہ نے چاروں بیویوں سے دریافت کیا کہ:۔

"پہلے یہ بتاؤ کہ میں نے تمہارے سامنے کبھی کوئی عطر استعمال کیا ہے اگر کوئی عطر کبھی استعمال کیا ہے تو بتاؤ تاکہ میں تمہیں اطمینان بخش جواب دوں"؟

حضرت عتبہ کا یہ استفسار سن کر چاروں نے یہ جواب دیا۔

"بیشک ہم نے کبھی آپ کو عطر استعمال کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ پھر یہ کیا بات ہے کہ عطر کے استعمال کے بغیر آپ کے جسم سے اور کپڑوں سے اتنی پاکیزہ اور بدرجہ بہتر خوشبو آتی رہتی ہے آخر یہ کہاں سے آتی ہے"؟

حضرت عتبہ بن فرقدؓ نے جواب دیا۔

"اس خوشبو کا پس منظر ہے وہ غور سے سُن لو تمہارے ایمان واخلاص کی زیادتی کا موجب ہوگا۔

بدن پر پھنسیوں کا علاج

حضرت عتبہؓ نے فرمایا:۔

"عرصہ ہوا میرے بچپن میں ایک مرتبہ میرے جسم پر ہر طرف پھنسیاں ہی پھنسیاں نکل آئی تھیں اور ان سے میرے جسم میں بے حد تکلیف تھی اور میں بڑا بے چین رہتا تھا چنانچہ اس تکلیف سے تنگ آکر ایک روز میں حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی تکلیف بیان کی تو حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

"عتبہ اپنی قمیص اتار دو"۔

میں نے حکم کی تعمیل کی تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب مبارک اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر ملا اور پھر دونوں مبارک ہاتھوں کو میری پشت اور شکم پر پھیر دیا۔ اس کے بعد مجھے قمیص پہننے کا حکم دیا چنانچہ اس بابرکت عمل سے فوراً ہی میری پھنسیوں کی وہ ناقابلِ برداشت تکلیف ختم ہوگئی اور اس کے بعد ایسی مکمل طور پر شفا ہوگئی کہ پھر مجھے آج تک کوئی جسمانی تکلیف نہیں ہوئی اور اسی وقت سے میرے تمام جسم سے یہ پاکیزہ خوشبو مہکنی شروع ہوگئی جو اب سالہا سال گزر جانے کے بعد بھی جاری ہے میں جس راہ سے بھی گزر جاتا ہوں وہ راستہ خوشبو سے مہک جاتا ہے۔

پس تمہاری یہ شکایت بے جا ہے میں تمہارے لئے ایسا بے نظیر عطر کہاں سے لاؤں کیا دنیا کا کوئی بھی عطر خوشبوئے رسول پاکؐ کا مقابلہ کر سکتا ہے"۔ (مسند ابونعیم)

اللّٰھم صلّ علی محمدٍ وعلیٰ آلِ محمد وبارک وسلم انک حمیدٌ مجیدٌ

(الفضل ۵ جولائی ۱۹۸۰ء)

ہماری عید — غلبۂ اسلام : بقیہ اداریہ صفحہ ۲

کے دائمی اور عالمگیر غلبہ کے موعود دن کو قریب تر لانے کے لئے حقیقی تڑپ اور والہانہ جذبۂ قربانی کو بھی بیدار کرنے کی موجب ہے حضرت اقدس المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کا یہ فکرانگیز ارشاد ہماری توجہ کو اسی اہم امر کی جانب مبذول کراتا ہے:۔

"درحقیقت آجکل کی عید ایک تازیانہ بن کر آتی ہے اور ہم سے کہتی ہے کہ تم کس چیز کی بناء پر عید منا رہے ہو—؟ ہم ایک طرف اس بات کے دعویدار ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے سردار ہیں اور دوسری طرف ہم آپ کی سرداری کو چھنتے ہوئے دیکھتے ہیں ہر جگہ آپؐ کا دین مظلوم ہے مگر ہم بے فکر بیٹھے ہوئے ہیں پھر ہم کس چیز کی عید منا رہے ہیں—؟ یہ ایک سوال ہے جو ہم میں سے ہر ایک کو اپنے نفس سے پوچھنا چاہیئے اگر واقعہ میں ہم میں جانی اور مالی قربانی کی روح پائی جاتی ہے اگر ہم خدا تعالیٰ کے سامنے رو رو کر اس کی مدد طلب کرتے ہیں تو واقعی ہماری عید، عید ہے اور ہم اللہ تعالیٰ اور حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آنکھ اٹھانے کے قابل ہیں ورنہ ہماری عید کچھ بھی نہیں بلکہ ہر عید ہمیں پہلے سے زیادہ مردہ بنا دے گی"۔

(الفضل ۸ اپریل ۵۹ء)

اللہ تعالیٰ ہمیں عیدِ سعید کے اس عظیم اور بلند ترین مقصد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری اس عید کو اسلام کے موعود عالمگیر اور دائمی غلبہ پر مشتمل حقیقی عید کو قریب تر لانے کا پیش خیمہ بنائے آمین اللّٰھم آمین! (خورشید احمد انور)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی مصروفیات : بقیہ صفحہ اوّل

پریس کانفرنس سے خطاب کیا جس کا اخبارات اور ابلاغ کے دیگر اداروں میں بہت چرچا ہوا۔ ۲۲ جولائی کو حضور کوپن ہیگن کے لئے روانہ ہوگئے۔

احباب کرام توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا دورہ ہر جہت سے کامیاب کرے اور اس کے اعلیٰ ثمرات برآمد کرے اور حضور کو اپنی حفظ وامان میں رکھے آمین:

منقولات

(۱) ٹورین چرچ میں عیسیٰ مسیح کا کفن اسرائیلی پادری کا دعویٰ

"شکاگو ۱۰ جولائی ایک امریکی کیتھولک عالم نے کہا ہے کہ میرے پاس کچھ ایسی نئی شہادت ہے جس سے اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ ٹورین شہر میں جو تبرکات ہیں ان میں سے ایک کفن عیسیٰ مسیح کے جنازہ کا کپڑا تھا۔ شکاگو کی لویولا یونیورسٹی کے شعبہ دینیات کے قابلِ احترام پروفیسر فرانسس فیلاس نے کہا ہے کہ ایک بوسیدہ پیلے کپڑے پر ایک سکے کے نشانات ہیں جو پونٹیس پائیلٹ کے زمانہ میں ۲۹ء میں ڈھالے گئے تھے اس سے اس بات کا گمان ہوتا ہے کہ موت کے بعد آنکھوں کو بند رکھنے کے لئے ایک سکہ آنکھوں کے اوپر رکھا گیا تھا۔ انجیل کے بیان کے مطابق عیسیٰ مسیح کو پائیلٹ نے سولی پر لٹکوایا تھا وہ کفن ٹورین کے چرچ میں ۱۵۷۸ء میں رکھا گیا تھا جس پر ایک انسانی جسم کا دھبہ ہے اور سر ہاتھوں اور پاؤں کے قریب خون کے داغ ہیں۔ ۱۹۷۸ء میں سائنسدانوں کی ایک ٹیم نے اس کی جانچ کی تھی اور اندازہ لگایا تھا کہ یہ بات غلط نہیں ہے"۔ (روزنامہ الجمعیۃ ۱۱ جولائی ۱۹۸۰ء)

(۲) ایک شیعہ کو کافر کہنے کا جرمانہ دس پونڈ

"لندن ہائی کورٹ نے ایک مسلمان پوسٹ مین محمد اقبال شاہ کو جس نے ووکنگ مسجد کمیٹی کے ایک عہدیدار محمد اکرم کے خلاف ازالۂ حیثیت عرفی کا مقدمہ دائر کیا تھا کے حق میں فیصلہ کرتے ہوئے دس پونڈ کی رقم انہیں ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ محمد اکرم نے ستمبر ۷۶ء میں ایک پمفلٹ میں محمد اقبال شاہ پر آنحضرتؐ کی شان میں گستاخی کا الزام لگایا تھا ایک اجتماع بھی طلب کیا تھا جس میں شیعہ اور سنی فرقوں کے درمیان جھگڑا بھی ہو گیا تھا جسٹس گوڈن نے رائے ظاہر کی کہ برطانوی قانون کے تحت آنحضرتؐ کی شان میں گستاخی کفر قرار نہیں دی جا سکتی تاہم جسٹس گوڈن نے رائے دی کہ ایک باعمل مسلمان کے لئے جو ایک مسلم برادری میں رہتا ہے آنحضرتؐ کی شان میں گستاخی اس کے لئے ہتکِ عزت قرار دی جا سکتی ہے ہائی کورٹ کی جیوری نے ایک گھنٹہ تک غور کرنے کے بعد محمد اقبال شاہ کے حق میں فیصلہ دیا اور انہیں دس پونڈ ادا کئے جانے کا حکم دیا"۔ (جنگ پاکستان ۲۸ جون)

نوٹ:۔ اس خبر کو نقل کرنے کے بعد مدیر روزنامہ "روشنی" سرینگر رقمطراز ہے:۔

ملاحظہ: "خواجہ کمال الدین مرحوم و مغفور جس مسجد ووکنگ کو یورپ میں اسلامی تبلیغ کا مرکز بنا چکے تھے وہی شاہجہان مسجد ووکنگ جہاں سے اسلامی اتحاد کا درس دنیا کو دیا جاتا تھا آجکل سنی شیعہ فساد کا ذریعہ بنی ہوئی ہے اور اسی مسجد کے شیعوں پر کفر کا فتویٰ صادر ہو چکا ہے مذکورہ بالا مقدمہ کوئی چار سال سے چل رہا تھا اور اس پر قریباً دس ہزار پونڈ خرچ ہوا گو اقبال شاہ کو کافر کہنے کا جرمانہ دس پونڈ ہوا لیکن اخبارات میں جو رسوائی اور تضحیک ہوئی وہ کچھ کم افسوسناک نہیں"۔ (روزنامہ روشنی سرینگر مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۸۰ء)

روزہ کے متعلق اسلامی تعلیم

عزیزہ نسیم شہناز بنت تو مقیم لنڈن

قرآن کریم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ روزہ کی تعلیم صرف اہل اسلام کو ہی نہیں دی گئی بلکہ اسلام سے پہلے ظاہر ہونے والے مذاہب کے متبعین کو بھی روزہ رکھنے کی تاکید کی گئی تھی دیکھنے میں بھی یہی آتا ہے کہ دیگر تمام مذاہب میں روزہ کا وجود کسی نہ کسی رنگ میں ضرور پایا جاتا ہے۔ گو ان کا روزہ اسلامی روزہ کے مقابل کامل نہیں لیکن یہ امر ثابت شدہ ہے کہ پہلی قوموں پہ بھی روزے فرض تھے جیسا کہ فرمایا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ۔ کہ اے ایمان والو تم پر روزے فرض کئے گئے جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں پہ فرض کئے گئے تھے۔ پس معلوم ہوا کہ روحانی پاکیزگی طہارت اور تقویٰ کے حصول کیلئے روزہ کا رکھا جانا نہایت ضروری ہے۔

اسلامی روزہ:-

دیگر مذاہب عالم کے بالمقابل اسلامی روزہ اپنے اندر ایک وسیع روحانی نظام رکھتا ہے۔ اور اس نے اس عظیم عبادت کی جملہ تفصیلات۔ فوائد اور برکات بیان فرمائی ہیں۔ دیگر تمام مذاہب نہ صرف اسکی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ بلکہ ان کے روزوں میں کوئی جامعیت اور جاذبیت بھی نہیں پائی جاتی۔

روزہ کے مسائل:-

اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں فرمایا ہے کہ اے مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ تم سے پہلے قوموں پر فرض کئے گئے تاکہ تم تقویٰ کی راہوں کو اختیار کرو۔ اور متقی اور پرہیزگار بن جاؤ پس قرآن کریم کی رو سے روزہ کی فلاسفی اور غرض و غایت یہ ہے کہ اس کے ذریعہ پاکیزگی اور طہارتِ قلب ہو۔ اور انسان متقی بن جائے۔ خدمت خلق اور مخلوق خدا کی ہمدردی اسکے اندر پیدا ہو اور وہ بنی نوع انسان کا حقیقی خادم ہو چنانچہ اللہ تعالیٰ نے پوری شرح و بسط کے ساتھ روزہ کے احکامات بیان فرمائے۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ

"لعلکم تتقون" (سورۃ بقرہ)

یعنی تاتم تقویٰ اختیار کرو۔ اگر ان ایام میں کوئی بیمار ہو جائے یا کوئی سفر پیش آجائے تو وہ اتنے روزے جو سفر یا بیماری کی حالت میں چھوٹ جائیں دوسرے دنوں میں پورے کرے جبکہ دائم المریض اور ضعیف العمر مسلمان کے لئے روزہ رکھنے کی بجائے فدیۃ الصیام کی ادائیگی کافی قرار دی گئی ہے۔ فدیہ کیا ہے اپنی طاقت اور معمول کی خوراک کے مطابق ایک مسکین کا کھانا یا اُس کے متبادل نقدی ادا کر دینا فدیہ کہلاتا ہے۔ ایسی عورت کو بھی روزہ رکھنے سے رخصت دی گئی ہے جو حاملہ ہو یا جو اپنے بچے کو دودھ پلا رہی ہو

روزہ کا طریق

روزہ صبح کی سفیدی کے نمودار ہونے سے شروع ہوتا ہے۔ اور سورج کے غروب ہونے تک رہتا ہے روزہ کا مطلب یہ ہے کہ اس دوران کھانے پینے اور نفسانی خواہشات کی تکمیل سے رُک جانا صبح سحری کے وقت کھانا اور پھر مغرب کے وقت افطار کرنا ہی روزہ کہلاتا ہے۔ روزدار کے لئے اپنا یہ وقت تسبیح و تحمید تکبیر۔ ذکر الٰہی اور درود شریف کا بکثرت ورد کرنے اور نوافل کی ادائیگی میں گزارنا لازمی ہے۔ ورنہ خالی بھوکا پیاسا رہنا انسان کو کچھ فائدہ نہیں دے سکتا اور نہ ہی پسندیدہ امر ہے۔ افطار کرتے وقت کھجور یا پانی سے روزہ افطار کرنا سنت رسول ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت جب تک سحری دیر سے کرتی رہیگی اور روزہ افطار کرنے میں جلدی کرے گی درست رہے گی پس سحری آخر وقت میں اور افطاری جلدی کرنی چاہیئے۔

چند مسائل

روزہ سخت ہو جانے اور جان بوجھ کر کھانا کھا لینے یا پانی پی لینے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ بھول کر کھانے یا پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ جو شخص جان بوجھ کر روزہ توڑے اسکو ایک روزہ کے عوض متواتر ساٹھ روزے رکھنے ہوں گے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا۔ یا پھر ایک غلام آزاد کرنا ہوگا۔

نمازِ تراویح

رمضان المبارک کے ایام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عبادت پر بہت زور دیتے تھے چنانچہ ان ایام میں نماز تہجد کی ادائیگی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ اسی لئے امت کی سہولت کے پیش نظر تراویح کی نماز عشاء کے بعد رکھ دی گئی تاکہ تہجد کی قائمقام ہو جائے جو باجماعت ادا کی جاتی ہے۔ اسی لئے اس میں باقاعدگی کے ساتھ شمولیت اختیار کرنی چاہیئے۔

رمضان المبارک کی برکات

رمضان المبارک کی ایک برکت یہ ہے کہ قرآن پاک کا نزول اسی ماہ مبارک میں ہوا جس کا نزول نسل انسانی کے لئے بڑا ہی بابرکت ہے۔ لہذا ان ایام میں کثرت کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنی چاہیئے۔ اور اگر زیادہ نہیں تو کم از کم ایک دور قرآن پاک کا ضرور کرنا چاہیئے پھر ان بابرکت ایام میں دعائیں قبول کی جاتی ہیں۔ جیسا کہ فرمایا

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

پس ان ایام میں خصوصیت سے دعائیں کرنی چاہئیں۔ رمضان کی تیسری برکت یہ ہے کہ اس ماہ کے آخری عشرہ میں لیلۃ القدر کا ظہور ہوتا ہے۔ اور یہ وہ بابرکت رات ہے جس کا ذکر قرآن پاک میں سورۃ القدر میں یوں آتا ہے کہ:- "ہم نے اسے لیلۃ القدر میں اتارا ہے اور تو لیلۃ القدر کے بارے میں کیا جانتا ہے۔ وہ ہزار مہینہ سے افضل ہے۔ اور یہ وہ بابرکت رات ہے جس میں فرشتوں کا نزول ہوتا ہے۔"

